"پی ایم ایس" کی طرف سے مشنوں میں 13 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کی تقسیم

پاپائی مشن کی امدادی سوسائٹیوں نے اپنے 10 مئی کے عام اجلاس میں مشنوں میں مجموعی طور پر 13 کروڑ 30 لاکھ ڈالر تقسیم کیے۔ سوسائٹی برائے نشر و اشاعت مذہب، سوسائٹی برائے سینٹ پیٹر اپوسل اور سوسائٹی برائے مقدس طفولیت نے علی الترتیب درج ذیل رقوم تقسیم کیں۔

سوسائٹی برائے نشرو اشاعت عقیدہ.................... تقریباً 84،000،000 ڈالر

سوسائٹی برائے سینٹ پیٹر اپوسل.................... تقریباً 39،000،000 ڈالر

سوسائٹی برائے مقدس طفولیت.................... تقریباً 10،000،000 ڈالر

(رپورٹ۔ انٹرنیشنل فائیڈز سروس)

برطانیہ میں ایرانی چرچ کی امداد

انٹر سرو مشنری سوسائٹی (INTERSERVE MISSIONARY SOCIETY) نے برطانیہ میں جلاوطن ایرانیوں کو ایران میں مشنری کے لیے تیار کرنے کی غرض سے مشرقِ وسطیٰ کے اسلامی امور کے ماہر کی خدمات کرائے پر حاصل کی ہیں۔

سام سالومن برطانیہ میں ایک سو افراد پر مشتمل مضبوط ایرانی چرچ کے تربیتی پروگرام میں کام کر رہے ہیں۔ جس کا مقصد یہاں برطانیہ میں اور دوبارہ کھلنے کی صورت میں ایران میں مایوس مسلمانوں تک پہنچنا ہے۔ آیت اللہ خمینی کے اسلام سے بچنے کے لیے اندازاً 30 لاکھ ایرانیوں نے راہِ فرار اختیار کی۔ ان میں سے 10 ہزار افراد پناہ گزینوں کی حیثیت سے برطانیہ میں مقیم ہیں جبکہ باقیوں نے قبرص، ترکی اور بھارت میں پناہ لے رکھی ہے۔

سابق مسلم سام سالومن کا کہنا ہے کہ بہت بڑی تعداد میں ایرانی اسلام جو کچھ کر سکتا ہے اس سے دہشت زدہ ہو کر ملک سے باہر نکلے ہیں۔ ہم انہیں اس قابل بنا رہے ہیں کہ وہ ایران میں مستقبل کے چرچ راہنما بن کر ابھریں۔ یہ پہلا موقع ہے کہ یو کے مشنری سوسائٹی نے مغربی لندن میں مرکوز ایرانی عیسائی انجمن کو اس قسم کی امداد کی پیش کش کی ہے۔ ایرانیوں نے